# انفیکشن کی روک تھام اور ضابطہ کیلئے

# کی جانےوالی احتیاتی تدابیر

# Infection Prevention and Control Precautions


ڈاکٹر عبدالرحمٰن پیرزادو

MBBS, DCH, MPH

# ھدف

وبا کے دوران کمیونٹی میں کام کرنیوالے کارکنانِ

صحت کو انفیکشن کی روک تھام اور ضابطہ کیلئے

کی جانےوالی احتیاتی تدابیر سے آگاہی ۔

# مقاصد

اس گفتگو کے اختتام پر  شرکا مندجہ ذیل کاموں کے دوران احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے سامان کا انتخاب کرنے سے آگاہی حاصل کرینگے ۔

* کسی مریض کے گھر جانا ۔

* کسی بچاؤ کی مہم میں حصہ لینا ہو یا کمیونٹی میں کوئی مصروفیت ہو ۔

*  کمیونٹی میں بچوں کا  علاج معالجہ

*  ایسا کام جس میں کوویڈ ۔ ۱۹ کے شکی یا مریض سے جسمانی رابطہ ہو

ایسا کام جس کے دوران کووڈ ۔ ۱۹ کے شکی یا مریض کے کمرے میں جایا

* جائے لیکن جسمانی رابطہ نہ ہو

# انتباہ



انفیکشن کی روک تھام اور ضابطہ کیلئے کی جانےوالی احتیاتی تدابیر سے متعلق یہ گفتگو بالکل بنیادی آگاہی ہے ۔

اسے پیشہ ورانہ تربیت یا اس کا متبادل نہ سمجھا جائے۔

اس ضمن میں کارکنان کی پیشہ ورانہ تربیت درکار ہوتی ہے، جیسے وہ اپنے فرائض خوش اصلوبی سے انجام دے سکیں ۔

| کام کی نوعیت | احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے طریقے |
|---|---|
| کسی مریض کے گھر جانا<br>مثلاً زچہ کی نگہداشت،<br>ماں اور بچہ کی نگہداشت،<br>کسی تپِ دق کے مریض<br>کو دوائی کی خوراک<br>پہنچانا وغیرہ | اگر ممکن ہو تو مریض کے ساتھ کھلی جگہ پر ملاقات کریں یا کسی ہوادار کمرے یا صحن میں ملیں ۔<br>مریض کے معائنہ سے پہلے اور معائنہ کے بعد ہاتھ اچھی طرح دھو لیں ۔<br>اگر مریض کو کوئی کھلا یا رستا ہوا زخم ہو تو دستانے استعمال کریں ۔<br>سرجیکل ماسک کا استعمال کریں ۔ |

| کام کی نوعیت | احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے طریقے |
|---|---|
| کسی بچاؤ کی مہم میں<br>حصہ لینا ہو ۔<br>یا<br>کمیونٹی میں کوئی<br>مصروفیت ہو ۔ | ایسے کام جن میں دوری برقرا رکھی جا سکے، مثلاً مچھردانیوں کی تقسیم وغیرہ<br>* کم از کم تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔<br>* ماسک کا استعمال کریں ۔<br>* اپنے ہاتھوں کی صفائی رکھیں ۔<br>ایسے کام جن میں جسمانی رابطہ لازمی ہو ۔مثلاً ٹیکا لگانا وغیرہ<br>ان حالات میں ہر مریض کو ہاتھ لگانے سے پہلے اور بعد میں<br>*اپنے ہاتھوں کو اچھی طرح صاف کریں ۔<br>* سرجیکل ماسک پہنے رکھیں۔ |

| کام کی نوعیت | احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے طریقے |
| --- | --- |
| کمیونٹی میں بچوں کا<br>علاج معالجہ | مریض کے معائنہ سے پہلے اور معائنہ کے بعد ہاتھ اچھی طرح دھو لیں ۔<br>ماسک پہنے رکھیں ۔<br>ذاتی بچاؤ کے سامان کا نتخاب اسکریننگ کے نتائج کے مطابق کریں ۔<br>اگر مریض میں کووڈ ۔ ۱۹ کا شک نہیں ہے اور آپ ملیریا کی تشخیص کر رہے ہیں تو ماسک اور دستانے پہنیں ۔<br>اگر مریض میں کووڈ ۔ ۱۹ ہونے کا شک ہے تو بچاؤ کا پورا سامان ماسک، دستانے، گاؤن اور فیس شیلڈ پہنے رکھیں ۔<br>اگر بچاؤ کا،سامان میسر نہیں ہے تو مریض سے تین فٹِ کی دوری قائم رکھیں اور اپنے صحت مرکز کی سفارش کردہ سامان استعمال کریں ۔ |

## کام کی نوعیت

ایسا کام جس میں
کوویڈ ۔ ۱۹ کے
شکی
یا
مریض سے
جسمانی رابطہ ہو

## احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے طریقے

مریض کے معائنہ سے پہلے اور معائنہ کے بعد ہاتھ اچھی
طرح دھولیں ۔

سرجیکل ماسک پہنیں ۔

گاؤن پہنیں ۔

دستانے پہنیں ۔

آنکھوں کو بچانے کیلئے دستیاب چشمہ یا فیس شیلڈ پہنیں ۔

| کام کی نوعیت | احتیاطی تدابیر اور ذاتی بچاؤ کے طریقے |
| --- | --- |
| ایسا کام جس کے دوران<br>کووڈ ۔ ۱۹ کے شکی<br>یا<br>مریض کے<br>کمرے میں جایا جائے<br>لیکن جسمانی رابطہ نہ ہو | مریض کے معائنہ سے پہلے اور معائنہ کے بعد ہاتھ اچھی<br>طرح دھو لیں ۔<br>سرجیکل ماسک پہنیں ۔<br>تین فٹ کا فاصلہ رکھیں۔<br>اگر ممکن ہو تو ملاقات کسی کھلی جگہ پر کریں جہاں<br>مریض نےبھی سرجیکل ماسک پہنا ہوا ہو۔ |

Thanks

شکریہ